www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


شیخ ابن باز اس وقت عالم اسلام کے سب سے بڑے مفتی شمار ہوتے ہیں۔ ہر چند کہ آپ کے اکثر اساتذہ حنبلی ہیں اور حنابلہ کے امام احمد بن حنبلؒ، فقیہ سے بڑھ کر محدث ہیں مگر شیخ ابن باز پر کتاب وسنت سے گہری وابستگی کی بنا پر حنابلہ سے زیادہ توسع تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ایک عرصہ آپ کے نام کے ساتھ أثری بھی لکھا جاتا رہا...... شیخ ابن باز اپنے وقت کے محدث ہیں، آپ کتب احادیث میں تصحیح فرماتے اور تخریج کرتے ہیں، ان پر احکامات لگاتے ہیں، آپ کو بلاشبہ بے شمار احادیث حفظ ہیں۔ علم حدیث میں آپ کی دسترس کا اندازہ آپ کے درس میں شرکت کرنے والوں کو خوب ہے۔ احادیث پڑھنے والوں کی جس انداز سے آپ تصحیح فرماتے ہیں اس سے ان کے مستحضر علم کا اندازہ ہوتا ہے۔ شیخ ابن باز ممتاز فقیہ ہیں۔ وہ بلاشبہ ابن تیمیہؒ اور ابن قیمؒ کے جانشین ہیں۔ آپ کا طریقہ بڑا سہل ہے۔ فقہی موشگافیوں میں نہیں پڑتے بلکہ سیدھے سادھے انداز میں لوگوں کو مسائل کا حل بتاتے ہیں۔

شیخ ابن باز حفظہ اللہ نے ایک بڑی تعداد میں چھوٹی بڑی کتابیں تصنیف کیں۔ جن میں سے اکثر کے بے شمار ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور ان کے مختلف زبانوں میں تراجم پوری دنیا میں پھیل چکے ہیں۔ ان کے فتاویٰ پر مشتمل کئی جلدیں بھی منظر عام پر آچکی ہیں۔ حال ہی میں مجلۃ الدعوۃ کے زیر انتظام شائع ہونے والی فتاویٰ پر مشتمل کتاب کا اردو ترجمہ راقم الحروف (مکتبہ دارالسلام، الریاض) کی زیر نگرانی شائع ہوا ہے اور یہ شیخ کے فتوؤں کا مجموعہ ہے جو اردو زبان میں شائع ہوا ہے۔ وللہ الحمد!

**مفتی اعظم کے سانحہ ارتحال پر خادم حرمین شریفین اور سعودی حکام کو بھیجا جانیوالا تعزیت نامہ**

**منجانب: حافظ عبد الرحمن مدنی دار اکین جامعہ لاہور الاسلامیہ، مجلس التحقیق الاسلامی، پاکستان**

خادم الحرمين الشريفين ملك المملكة العربية السعودية أيده الله بنصره العزيز

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

سمعنا خبر وفاة والدنا سماحة الشيخ عبد العزيز بن عبد الله بن باز مفتي عام المملكة العربية السعودية ببالغ الحزن والاسى ...... إنا لله وإنا إليه راجعون .

ولاشك أن هذه الصدمة كارثة مولمة لا تنسى على مر العصور والدهور حيث إنه خسارة عظيمة للعالم الإسلام كما قيل : موت العالِم موت العالَم.

ونحن إذ نرضى بقدر الله وقضائه صابرين محتسبين نعزي أنفسنا وإياكم بقول الله عزّوجل في صدق وفاته صلى الله عليه وسلم ﴿إِنَّكَ مَيِّتٌ وَّإِنَّهُم مَّيِّتُونَ﴾ ثم بتسلية رسول الله ﷺ "إن لله ما أخذ وله ما أعطى وكل شيئ عنده بأجل مسمى......"

كما نسأل الله جل وعلا أن يفسح للمرحوم في قبره ويدخل الفقيد في جناته النعيم ويرشدنا وإياكم التوفيق بمرضياته، إنه سميع قريب مجيب الدعوات ...... اللهم لا تحرمنا أجره ولا تفتنا بعده والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته ، ، ،

حافظ عبد الرحمن مدني مدير جامعة لاهور الإسلامية

وأمين عام مجلس التحقيق الإسلامي وزملاء ه في الجامعة والمجلس

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ